P R NO 15/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

لوگوں کی شکایات کے فوری اور مفت ازالے کے لئے پرعزم ہیں
عوامی بیداری بڑھانے کے لئے آفیشل وٹس ایپ چینل شروع کیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ان کا دفتر وفاقی حکومت کے اداروں میں بدانتظامی سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کے لئے پرعزم ہے اور ادارے کے کردار اور کام کے دائرہ کار کے بارے میں زیادہ سے زیادہ آگاہی پیدا کرنے کے لئے کوششیں جاری رکھے گا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں آفیشل وٹس ایپ چینل کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اداروں کی انتظامی زیادتیوں سے پریشان کوئی بھی شخص اپنی شکایت کے فوری اور بلا معاوضہ ازالے کے لئے اس دفتر سے رجوع کر سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2024ء کے دوران 226,372 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 223,198 شکایات کا 60 دن کی قانونی مدت کے اندر ازالہ کیا گیا اور 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا جبکہ 2023ء میں یہ شرح 85.7 فیصد تھی۔ انہوں نے کہا کہ پہنچ اور رسائی کو بڑھانا اس دفتر کی ہمیشہ سے اولین ترجیح رہی ہے۔ 1983ء کے بعد سے ادارے میں نمایاں توسیع ہوئی ہے جب اس نے صوبائی دارالحکومتوں میں صرف چار علاقائی دفاتر کے ساتھ کام شروع کیا تھا، جو اب آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان سمیت 24 بڑے شہروں میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے علاقائی دفاتر کے قیام اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال نے شکایات سے نمٹنے میں مزید موثریت متعارف کرائی ہے۔ اب عام لوگوں کے لئے اپنی شکایات درج کرانے کے لئے متعدد ذرائع دستیاب ہیں جن میں ویب سائٹ، موبائل فون، ای میل، زوم لنک کے ذریعے سماعت وغیرہ شامل ہیں جو شکایت کنندگان کو اس دفتر کی جانب سے پیش کی جانے والی خدمات سے فائدہ اٹھانے کے لئے آسان رسائی فراہم کرتے ہیں۔ وفاقی محتسب نے سول سوسائٹی اور میڈیا کو ادارے کی سرگرمیوں کے بارے میں اپ ڈیٹ رہنے کے لئے آفیشل وٹس ایپ چینل کو فالو کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر فعال موجودگی ادارے کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور عام لوگوں تک اس کی رسائی اور رابطے بڑھانے میں بہت اہم کردار ادا کرے گی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266

11 مارچ 2025ء